نماز کے علاوہ ناپاک کپڑا پہننے کا حکم

ریفرنس نمبر: Nor.12081 تاریخ: 04-04-2022

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ گھر میں کام کاج کے طور پر ناپاک کپڑا پہن سکتے ہیں جبکہ نجاست خشک ہو چکی ہو؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بہتر ہے کہ ناپاک کپڑا نہ پہنا جائے، کیونکہ پسینہ آنے یا گیلے ہونے سے بدن کے نجس ہونے کا امکان رہتا ہے، البتہ مطلقاً ناپاک کپڑا پہننا گناہ نہیں ہے، جبکہ اس پر لگی نجاست خشک ہو۔ہاں اگر نجاست ایسی تازہ ہے کہ کپڑا پہننے سے نجاست چھوٹ کر بدن کو لگے گی تو اس صورت میں پاک کپڑا ہوتے ہوئے ناپاک کپڑا پہننا جائز نہیں ہو گا کہ یہ بلا وجہ بدن کو ناپاک کرنا ہے۔

نماز کے علاوہ عام حالات میں ناپاک کپڑا پہننے سے متعلق بحر الرائق اور درِّ مختار میں ہے: واللفظ للدر" ولہ لبس ثوب نجس فی غیر صلوۃٍ"یعنی نماز کے علاوہ میں آدمی ناپاک کپڑا پہن سکتا ہے۔

اس کے تحت فتاوی شامی میں ہے:" ولم یتعرض لحکم تلویثہ بالنجاسۃ والظاھر انہ مکروہ لانہ اشتغال بما لا یفید"یعنی یہاں شارح نے تلویثِ نجاست کا حکم بیان نہیں کیا اور

ظاہر یہ ہے کہ (تلویثِ نجاست نہ ہونے کی صورت میں ناپاک کپڑا پہننا) مکروہ ہو کہ یہ ایک فضول کام میں پڑنا ہے۔ (الدرّالمختار وردّالمحتار، ج2، ص93، مطبوعہ کوئٹہ)

پاک چیز کو ناپاک کرنے سے متعلق حاشیہ طحطاوی میں ہے: "وتنجیس الطاھر بغیر ضرورة لا یجوز" یعنی بغیر کسی وجہ کے پاک چیز کو ناپاک کرنا، جائز نہیں ہے۔

(حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ج1، ص79، مطبوعہ مکتبہ غوثیہ، کراچی)

صدرالشریعہ مفتی امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ ارشاد فرماتے ہیں: "غیر نماز میں نجس کپڑا پہنا تو حرج نہیں اگرچہ پاک کپڑا موجود ہو اور جو دوسرا نہیں تو اسی کو پہننا واجب ہے۔ یہ اس وقت ہے کہ اس کی نجاست خشک ہو، چھوٹ کر بدن کو نہ لگے ورنہ پاک کپڑا ہوتے ہوئے ایسا کپڑا پہننا مطلقاً منع ہے کہ بلاوجہ بدن ناپاک کرنا ہے۔"

(بہارشریعت، ج1، حصہ3، ص480، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــہ

مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

02رمضان المبارک1443ھ/04اپریل2022ء

نوٹ: دارالافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج /daruliftaahlesunnat اور ویب سائٹ www.daruliftaahlesunnat.net کے ذریعے کی جاسکتی ہے